5392-انشورنس کراتے وقت گاڑی کی حقیقی قیمت چھپانا

سوال

میں ایسے ملک میں بستا ہوں جہاں گاڑی چلانے والے پر انشورنس کرانی لازم ہے ، توکیا میرے لیے گاڑی کی اصلی قیمت کے علاوہ کم قیمت لکھنا جائز ہے ، تاکہ مجھ سے جبرا لی جانے والی انشورنس کی رقم میں کمی ہوسکے ؟

پسندیدہ جواب

فضیلۃ الشیخ
علامہ محمد صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے ساتھ مناقشہ اور بحث کے بعد ہم نے
مندرجہ ذیل کلام نکالی :

سوال کا مفھوم یہ ہے کہ انشورنس گاڑی
کی قیمت کے مطابق ہوتی ہے ، یعنی انشورنس کے معاہدے کے وقت جو قیمت ہو، جو کچھ یہ
شخص کر رہا ہے وہ جھوٹ کی ایک قسم ہے ، لیکن یہ ظلم جو حرام انشورنس کی شکل میں ہے
اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ہے ، لھذا اگر تو اس میں اسے کوئی ضرر اور نقصان
نہیں اور نہ ہی مسلمانوں کی شہرت کو نقصان ہے تو پھر مجبورا ایسا کرنے میں کوئی حرج
نہیں.

واللہ اعلم .